سوال

(445)اللہ کو ''یاھو''کہہ کرپکارنادرست نہیں

جواب

السلام عليكم ورحمة الله وبركاته

کیااللہ کو ''یاھو''کہہ کرپکارسکتے ہیں یعنی ''اے وہ''اورمراداللہ تعالیٰ ہو؟

الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

متکلم‘مخاطب اورغائب کی ضمیریں متکلم‘مخاطب یاغائب کی طرف مطلقاًاشارہ کرتی ہیں۔انہیں لغت کے لحاظ سے اللہ تعالیٰ کے نام قراردیاجاسکتاہے نہ شرعاً۔کیونکہ اللہ تعالیٰ نےاپنے یہ نام نہیں رکھے۔لہٰذاان الفاظ سے اللہ کوپکارنے کامطلب یہ بنتاہے کہ ہم اللہ تعالیٰ کواس کے نام کے علاوہ دوسرے الفاظ سے پکاررہے ہیں‘اس لئے یہ جائزنہیں اوریہ اللہ تعالیٰ کے ناموں کے بارے میں کج روی اختیارکرنے میں شامل ہے کیونکہ یہ عمل اللہ کے ایسے نام رکھنے کے مترادف ہے جونام اللہ تعالیٰ نے خوداپنےلئے مقررنہیں کئے اوریہ ایسے الفاظ کے ساتھ نداءاوردعاہے جواللہ نے شریعت میں نازل نہیں کئے اوراللہ تعالیٰ نے ایسے کام سے منع فرمایاہے۔ارشادہے:

وَلِلَّهِ الأَسماءُ الحُسنىٰ فَادعوهُ بِها ۖ وَذَرُوا الَّذينَ يُلحِدونَ في أَسمـٰئِهِ ۚ سَيُجزَونَ ما كانوا يَعمَلونَ ١٨٠ ... الأعراف

''اوراللہ کے بہترین نام ہیں‘پس اسے ان ناموں سے پکارواوران لوگوں کوچھوڑدوجواس کے ناموں میں کج روی اختیارکرتے ہیں۔انہیں ان کے عملوں کاجلدبدلہ مل جائے گا۔''

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ دارالسلام

ج1

محدث فتویٰ